© rasailojaraid.com



پروفیسر خالد شبیر احمد

# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

سب غوث ، سب ولی ، سبھی اقطاب آپ کے
ہیں آفتاب و کوکب و مہتاب آپ کے

سیرت کا حرف حرف ہے قندیلِ آگہی
کندہ کتابِ وقت میں ابواب آپ کے

سلطانِ دہر ، نازِ جہاں ، فخرِ کائنات
جھومر ہیں کائنات کے القاب آپ کے

سب سے بڑا ہے معجزہ قرآن آپ کا
کچھ کم نہیں ہے معجزہ اصحاب آپ کے

ہیں آپ ایک گلشنِ توحید کی مثال
گل ہائے رنگ رنگ ہیں احباب آپ کے

ضوریز ہیں حضور کے جوہر صدف صدف
ساحل فروز ہیں درِ نایاب آپ کے

روزِ ازل سے ہیں یوں حضور آپ کا غلام
ہیں نقش میرے دل پہ بھی آداب آپ کے

دل میں ہیں میرے آپ کی یادیں بسی ہوئیں
آنکھوں میں بس رہے ہیں مری خواب آپ کے

خالد نصیب ہے ہمیں معراجِ بندگی
عرشِ بریں ہیں منبر و محراب آپ کے



© rasailojaraid.com